سبق: ۲

نیم

بچو! تم نے نیم کا درخت ضرور دیکھا ہوگا۔ یہ ہر جگہ آسانی سے لگایا جا سکتا ہے، اس لیے یہ گاؤں، شہر، کھیت، گھر سبھی جگہوں پر دکھائی دیتا ہے۔ کیا تم نے کبھی سوچا ہے کہ اسے نیم کیوں کہتے ہیں؟ یہ اس کا اصلی نام نہیں ہے۔ اس کا اصلی نام 'نیمب' ہے۔ 'نیمب' کا مطلب ہے بیماریوں کو دور کرنے والا۔

اس درخت کا ہر ایک حصہ کسی نہ کسی بیماری میں کام آتا ہے۔ 'نیمب' کا استعمال ہوتے ہوتے اس کا نام نیم ہو گیا۔

نیم کے درخت پر ایسی گھنی پتیاں ہوتی ہیں کہ سورج کی کرنیں ان سے گزر کر زمین تک نہیں پہنچ پاتیں۔ اس کے نیچے ہمیشہ سایہ رہتا ہے۔ لوگ نیم کے سائے میں بیٹھتے ہیں۔ بچے اس کے سائے میں کھیلتے ہیں۔ جانور بھی اس کے نیچے بیٹھ کر آرام کرتے ہیں۔

نیم کی پتیاں بہت کام آتی ہیں۔ لوگ گرم کپڑوں کے صندوق میں نیم کی سوکھی پتیاں رکھتے ہیں۔ کیا تم جانتے ہو، ایسا کیوں کرتے ہیں؟ نیم کی پتیوں سے گرم کپڑوں میں کیڑے نہیں لگتے، کتابوں کی آلماری میں نیم کی پتیاں رکھنے سے دیمک نہیں لگتی۔ نیم کی پتیاں کسان کے اناج کی بھی حفاظت کرتی ہیں۔ سوکھی پتیوں کو جلایا جائے تو ان کے دُھوئیں سے مچھر بھاگ جاتے ہیں۔ نیم کی ہری پتیوں کو

S.S.A. 2015-16(FREE)

پانی میں ڈال کر پکایا جائے اور پھر اس پانی سے نہایا جائے تو خارش کی بیماری دور ہو جاتی ہے۔

نیم کے درخت پر پھول اور پھل بھی لگتے ہیں۔ اس کے پھل کو 'نبولی' یا 'نمکولی' کہتے ہیں۔ یہ بھی بڑے کام کی چیز ہے۔ اس کو کھانے سے پیٹ کی بیماریاں دور ہو جاتی ہیں۔ یہ کچھ میٹھی، کچھ کسیلی ہوتی ہے۔ اس کی گٹھلی سے تیل بھی نکالا جاتا ہے، جو بہت سے کاموں میں استعمال ہوتا ہے۔ نیم کا تیل اور اس سے بنا صابن پھوڑے پھنسیوں کو ٹھیک کرتا ہے۔

نیم کے درخت کی چھال بھی بڑے کام کی چیز ہے۔ اس کی چھال پیس کر لگانے سے پُھنسیاں ٹھیک ہو جاتی ہیں۔ نیم کی ٹہنی سے مسواک کا کام بھی لیا جاتا ہے۔ یہ ٹہنی کڑوی تو ضرور ہوتی ہے، مگر دانتوں کو صاف اور صحت مند رکھنے میں بہت مفید ہے۔ بخار میں نیم کے درخت کی جڑ کو پانی میں اُبال کر پلانے سے بخار جاتا رہتا ہے۔

پڑھیے اور لکھیے۔



مشق

سوچیے اور جواب دیجیے:

نیم کا اصلی نام کیا ہے؟

نیم کی پتیوں کے کیا کیا فائدے ہیں؟

کتابوں کی الماریوں میں نیم کی پتیاں کیوں رکھی جاتی ہیں؟

نیم کے پھل کو کیا کہتے ہیں؟

نیچے لکھے ہوئے جملوں کو اس کے سامنے لکھے گئے صحیح لفظوں سے مکمل کیجیے:

.... کا مطلب ہے بیماریوں کو دور کرنے والا۔ (نیم/آم)

کتابوں کی الماری میں نیم کی پتیاں رکھنے سے .... نہیں لگتی۔ (چیونٹی/دیمک)

نیم کی نمکولی کچھ .... کچھ کسیلی ہوتی ہے۔ (میٹھی/کڑوی)

نیم کا درخت ہمارے لیے .... ہے۔ (مفید/نقصان دہ)

نیم کے بارے میں پانچ جملے لکھیے۔

....

....

....

....

....

نیچے دیئے گئے باکس میں صحیح لفظ کے سامنے (✓) اور غلط لفظ کے سامنے (×) کا نشان لگایئے۔

سندوق	(×)	صندوق	(✓)
جِستا	( )	حصہ	( )
کیسلی	( )	قصیلی	( )
خارش	( )	کھارش	( )
مصواق	( )	مسواک	( )
مطلب	( )	متلب	( )

درج ذیل الفاظ سے جملے بنایئے:

بخار ....

ٹہنی ....

درخت ....

جانور ....

الماری ....

مشہور مثل ''جہاں ہو نیم وہاں کیا کرے حکیم'' سے کیا سمجھتے ہیں؟

مطلب بیان کیجیے:

آپ اپنے دانتوں کی صفائی کے لیے کیا کیا کرتے ہیں، پانچ جملے لکھیے۔